

# پاک سرزمین امن وسکون کے متلاشی لوگوں کیلئے جنت نظیر ہے!

## ممتاز صنعت کار جناب شمیم احمد کا خصوصی پیغام

پاکستان دنیا بھر سے امن وسکون کے متلاشی لوگوں کے لئے جنت نظیر کی حیثیت رکھتا ہے اور اللہ پاک نے اس خوبصورت سرزمین کو نہ صرف اپنے قدرتی حسن سے مالا مال کیا ہے بلکہ اس سرزمین کے چپہ چپہ کو اپنی لازوال نعمتوں سے نوازا ہے اور اس سلسلے میں اگر اپنے پیارے وطن میں بلند وبالا پہاڑوں پر نظر دوڑائیں تو یہ واضح ہو جائے گا کہ دنیا بھر کے تمام بلند وبالا پہاڑ پاک سرزمین پر واقع ہیں اور اسی طرح اگر ہم وادیوں پر نظر دوڑائیں تو معلوم ہو جائے گا کہ قدرتی حسن سے مالا مال وادیاں صرف اور صرف پاکستانی سرزمین پر موجود ہیں۔ غرضیکہ اللہ پاک نے پاک سرزمین کو اس قدر خوبصورت بنایا ہے کہ اس کا دنیا بھر میں کسی ملک سے اس کا موازنہ کرنا ممکن نہیں ہے اس لئے پاکستان کی سرزمین پر رہنے والے لوگوں کو چاہئے کہ وہ اپنے اس پیارے پیارے وطن پاکستان کے ساتھ دل کی گہرائیوں سے پیار کرتے ہوئے نیک نیتی کے ساتھ اس کی ترقی کے لئے کام کریں اور یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ اس سرزمین اور اس وطن کی ترقی کے ساتھ ہماری خوشحالی وابستہ ہے۔ سیاحت سمیت دیگر شعبوں سے متعلق انڈسٹری کی ترقی ہی ملک وملت کو ترقی وخوشحالی سے ہمکنار کرنے میں معاون ثابت ہو سکتی ہے اس لئے کسی تاخیر کے بغیر انکی ترقی کے لئے موثر اقدامات کئے جائیں۔

انہوں نے پاکستان ٹورازم پروموشن کونسل کی جانب سے پاکستان ٹورازم ڈائریکٹری شائع کرنے کے فیصلے کو ملک میں سیاحت کی ترقی کے لئے معاون قرار دیا اور کہا کہ اس سے ملک میں سیاحت کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔